राज्य स्तरीय आकलन

सत्र 2019–20

सुझावात्मक गतिविधियाँ

हिन्दी / अंग्रेजी

FA	1

कक्षा : 8वीं — विषय : उर्दू

Paper Code : 8061 — पूर्णांक : 10

LO-LU801:۔ طلباء نصابی کتاب کے علاوہ مختلف ذرائع سے حاصل ہونے والی کتابیں بھی پڑھتے ہیں۔

آموزشی ماحصل۔

عملی کام 1 :۔ اسم اور صفت کی پہچان L2

اس Activity سے طلباء میں اسم اور صفت کی سمجھ پیدا ہوگی۔

ہدایت۔ 1۔ استاد طلباء سے آس پاس موجود چیزوں کے بارے میں بات چیت کریں۔

طلباء سے چیزوں کے نام پوچھیں۔

طلباء سے رہائشی جگہوں کے نام پوچھیں۔

استاد طلباء کو ساری فراہم کی گئی معلومات کو کاپی پر لکھنے کے لئے کہیں گے۔

اب استاد طلباء کے ذریعے بنائی گئی / کہی گئی باتوں سے ہی اِسم اور صفت الگ کریں اور انہیں اس کے بارے میں بتائیں۔

عملی کام 2 :۔ کہانی بنانا۔ L4

ہدایت۔ استاد کہانی کی ترتیب بدل کر الگ الگ کاغذ کے ٹکڑوں میں لکھیں۔

طلباء کو گروپ میں تقسیم کریں۔

ہر طالب علم کو کاغذ کا ایک ٹکڑا دیں۔ انہیں پڑھنے اور سمجھنے کے لئے وقت دیں۔

استاد طالب علم کو ان دیئے گئی ٹکڑوں کو ترتیب وار رکھنے کے لئے کہیں۔

اب ہر گروپ سے اُسے پیش کرنے کے لئے کہا جائے۔

استاد ایک بات کا دھیان رکھے۔ ضروری نہیں کہ وہ کہانی جیسی استاد نے سوچی ہوگی ویسی ہی ہوگی۔

طلباء اپنے پچھلے علم سے اُسے نیا موڑ بھی دے سکتا ہے۔

عملی کام 3 :۔ محاورے بنانا۔ L3

کارڈ کی مدد سے محاورے بنانا۔

ہدایت استاد طلباء کے لئے مختلف محاوروں کے لفظوں کو الگ کر کے کچھ کارڈ بنالیں۔

استاد ہر بچے کو ڈبّے سے ایک ایک کارڈ نکالنے کے لئے کہیں۔

اب استاد انہیں کچھ وقت دیتے ہوئے الگ الگ ٹکڑوں کو یکجا کرنے کہیں۔

طلباء سے کہا جائے۔ کہ اس سے معنی خیز جملے بنیں گے آپ بتائیں ان جملوں کو کیا کہا جاتا ہے۔

طلباء آپس میں کارڈ کو بدل کر اکٹھا کر کے محاورے بنائیں گے۔

استاد طلبا کو انہیں پیش کرنے کہیں۔

LO-LU804:۔ آموزشی ماحصل۔

سماج میں ہونے والے واقعات اور مسائل کے تئیں حسّاس اور بیدار ہیں اور ان کا آزادی کے ساتھ تجربہ بھی کرتے ہیں۔

عملی کام 1 :۔ درختوں کی اہمیت L3

بحث و مباحثہ کے ذریعے درختوں کی اہمیت

ہدایت۔ استاد طلباء کو دو گروپ میں تقسیم کر دیں لہذا پہلا گروپ۔ درختوں سے ہونے والے فائدے کے متعلق دوسرا گروپ۔ درختوں کے نہ رہنے سے ہونے ہوالے نقصان کے متعلق استاد طلباء کو مضمون بتانے کے بعد کچھ وقت دیں۔

اب انہیں اس پر بحث و مباحثہ کرائیں اور بیچ میں ان کی مدد کرتے جائیں۔

استاد طلباء کی حوصلہ افزائی کریں۔

اسکول کے احاطہ یا اور کسی جگہ پر پودا لگانے اور اسکی حفاظت کرنے کے لئے تیار کریں۔

عملی کام 2 :۔ معاشرے کی بُرائیاں۔ L4

ہدایت

موبائل کی مدد سے یا استاد خود کسی ایک سماجی برائی کو بتائے مثلاً۔ شراب سے متعلق۔

استاد طلباء سے پوچھیں انکے گھر یا آس پاس بھی کچھ اس طرح کے لوگ رہتے ہیں۔

استاد طلباء سے شراب پینے والے کی زندگی کے متعلق اس کے گھر کے لوگوں کے حالات پر بات کریں۔

استاد بچّوں سے حلف لیں کہ وہ کبھی کسی طرح کا نشہ نہیں کریں گے۔ کیونکہ وہ اس کی برائیاں سمجھ چکے ہونگے۔ اور طلباء کے اندر جو بھی برائیاں ہیں انہیں دھیرے دھیرے چھوڑنے کے لئے ان کا حوصلہ بڑھائیں۔

عملی کام 3 :۔ مضمون نگاری۔ L4

ہدایت۔

استاد طلباء کو ان کے پسندیدہ رہنما کے متعلق پیرا گراف لکھنے کے لئے دیں۔

استاد طلباء کو گروپ میں تقسیم کریں۔

ہر گروپ کو ایک الگ رہنما چننے کے لئے کہیں۔

کام مکمل ہونے کے بعد ہر گروپ اپنے رہنما کے بارے میں اپنی پیش کش دے۔

اس طرح انہیں یاد کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی اور طلباء اپنی سمجھ کے مطابق مضمون نگاری کریں گے۔